بیاناتِ خوشتر رحمۃ اللہ علیہ

انچاسویں قسط

DAR-UL-RAZA

24 واں
یوم سنی رضوی سوسائٹی

شیخ طریقت، رہبرِ شریعت، مبلغ اسلام
حضرت علامہ مولانا
حافظ محمد ابراہیم خوشتر رحمۃ اللہ علیہ
صدیقی قادری رضوی حامدی

زیرِ سرپرستی

شہزادہ علامہ خوشتر، پیرِ طریقت حضرت علامہ مولانا محمد مسعود اظہر قادری رضوی
سجادہ نشین خوشتر

زیرِ سایہ

شہزادہ علامہ خوشتر حضرت صاحبزادہ الحاج محمد میاں خوشتر صدیقی قادری
خلیفہ تاج الشریعہ

باہتمام
مولانا محمد ابراہیم خوشتر میموریل سوسائٹی
سنی رضوی سوسائٹی انٹرنیشنل

مکتبہ دارالرضا
عالمی روحانی مرکز دارالرضا انٹرنیشنل جھنگ سٹی

TEL: +92 300 6504263, +44 778 9699501
www.darulraza.net, Email: darulraza@gmail.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نام کتاب:.................بیاناتِ خوشتر ''رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ'' (انچاسویں قسط)

اسپیکر:.................حضرت علامہ مولانا محمد ابراہیم خوشتر قادری ''رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ''

موضوع:.................24واں یوم سنی رضوی سوسائٹی

زیرِ سرپرستی:.................شہزادہ علامہ خوشتر حضرت مولانا محمد مسعود اظہر سجادہ نشین

زیرِ سایہ:.................شہزادہ علامہ خوشتر حضرت صاحبزادہ الحاج محمد میاں خلیفہ تاج الشریعہ

زیرِ نگرانی:.................حضرت علامہ مولانا مفتی ابونعمان عرفان شریف مدنی

بااہتمام:.................مولانا محمد ابراہیم خوشتر میموریل سوسائٹی
سنی رضوی سوسائٹی انٹرنیشنل

تحریر وترتیب:.................حافظ محمد اصغر عطاری (شعبہ تحریرات دارالرضا انٹرنیشنل)

صفحات:.................7

پبلشر:.................مکتبہ دارالرضا جھنگ سٹی

مکتبہ دارالرضا
عالمی روحانی مرکز دارالرضا انٹرنیشنل

بستی شہنی والی، وارڈ نمبر 7، پرانا چنیوٹ روڈ، جھنگ سٹی
TEL: +92 300 6504263, +44 778 9699501
www.darulraza.net, Email: darulraza@gmail.com

نحمده ونصلی علی رسوله الكريم o فاعوذ بالله من الشيطن الرجيمo بسم الله الرحمن الرحيم o

واما بنعمة ربك فحدث

قال الله تبارك وتعالی فی شانِ حبيبه o ان الله وملئكته يصلون علی النبی ط ياايهاالذين امنو صلو عليه وسلموا تسليما o

اللهم صل علی سيدنا ومولانا محمد وعلی ال سيدنا ومولانا محمد وبارك وسلم

﴿یومِ سنی رضوی سوسائٹی﴾

بزرگو، عزیزو، دوستو، بھائیو اور بہنو! میں آپ کے درمیان آپ اچھی طرح جانتے ہیں کہ خدمتگار اور خادم الاسلام والمسلمین کی حیثیت سے 1965 سے خدمت کرر ہا ہوں اور اِس کا اجر مجھے اللہ عطا کرتا ہے۔ کسی سے مجھے کوئی لالچ نہیں کوئی حرص نہیں۔ اپنا میں کام کرر ہا ہوں، میری ڈیوٹی آپ کو معلوم ہے کہ جب میں اِس اجمیری میں آتا ہوں تو میں امام بھی ہوتا ہوں پانچوں وقت نماز پڑھاتا ہوں اور یہ اپنے لئے کسی کے لئے نہیں۔ اِس کے علاوہ خانقاہ کی ڈیوٹی، عیدگاہ کی ڈیوٹی اور مسجد کی ڈیوٹی یہ سارے فرائض اور واجبات ہیں جو ایک ہی ٹائم میں مجھے ادا کرنا پڑتے ہیں۔ اِس کے علاوہ یہاں کی جو مالی ضرورت ہے اُس کی بھی کوشش کرنی پڑتی ہے۔ آپ جانتے ہیں کہ کام زیادہ ہے ورکرز کم ہیں خدمت گار کم ہیں اور میں خدا کا شکر ادا کرتا ہوں کہ

یہاں پیر ہفتہ وار حلقہ ذکر میں یا ماہانہ گیارہویں شریف میں آتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اِن کو اِن کی آنے والی نسلوں کو شاد و آباد رکھے۔ آمین

میں اُن لوگوں کو اچھی طرح جانتا ہوں جو مجھ سے اچھے بچّے ہیں، کام کرتے ہیں۔ اُن کو اِس سے کوئی مطلب نہیں کہ کوئی کیا کہتا ہے وہ کام کرتے ہیں۔ بہت سے لوگ ہیں ایسے، سنی رضوی سوسائٹی انٹرنیشنل کے ممبرز وہ لوگ ہیں جو بغیر کسی لالچ سے جو بغیر کسی حرص کے وہ میرے دوستو جو بغیر کسی تردد کے کام کر رہے ہیں اور کرتے ہیں اُن کو میں بھی جانتا ہوں اور اِن کو اجر جو ہے وہ اللہ تبارک وتعالیٰ دے گا یقیناً دے گا اور دے رہا ہے۔ اور ایسے لوگ زیادہ نہیں ہیں دو چار ہی ہیں بہر حال ہیں اور اللہ اُن کو سلامت رکھے۔ امین

اِس کے علاوہ نارتھ میں اور ساؤتھ میں آپ کو معلوم ہے کہ بیچارے دو چار ہی آدمی ہیں جو کام کرتے ہیں اور کولیکشن بھی کرتے ہیں سنی رضوی سوسائٹی کی خدمت بھی کرتے ہیں، اللہ تبارک وتعالیٰ اِن لوگوں کو بہترین اجر عطا فرمائے۔ آمین

آفیشلی آپ لوگوں کو معلوم ہے کہ اِس دنیا میں دین کے لئے تو کسی نام کی ضرورت نہیں، کسی چیز کی ضرورت نہیں۔ جو تین چار ہیں وہ تو کام کرتے ہی ہیں، میں تو کچھ بھی نہیں میری تو صرف حضور غوث الاعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے نسبت ہے۔ لیکن جب سے یہ سنی رضوی سوسائٹی بنی ہے یہ طریقہ رہا ہے کہ ہر تین سال بعد میٹنگ کمیٹی کا اعلان بھی کیا جاتا ہے اعلان بھی میں ہی کرتا ہوں۔

میرے دوستو! سلیکشن میں نہیں کرتا، سلیکشن جو کام کرنے والے ہیں وہ

کرتے ہیں میں صرف اناؤنسمنٹ کرتا ہوں۔ میرے نزدیک یہ جو سارے لوگ ہیں یہ سنی رضوی سوسائٹی کے رئیل ممبر ہیں۔ تو سلیکشن تو مجھے سب کو کرنا چاہئے لیکن ممکن ہی نہیں ہے۔ لیکن میں صاف آپ کو بتانا چاہتا ہوں کہ جو لوگ میری کمیٹی میں کام نہیں کر سکتے اُن کو چاہئے کہ استعفی دے دیں کہ معذرت کرلیں کہ وہ کام نہیں کر سکتے۔ کیونکہ یہ سوسائٹی کام کرنے کی سوسائٹی ہے نام کی سوسائٹی نہیں ہے۔ میں جانتا ہوں کہ اِس سوسائٹی میں وہ لوگ جو ہزاروں روپیہ لاتے ہیں لیکن وہ بالکل الگ ہیں۔ وہ صرف میرے ساتھ ہیں اُن کا منیجمنٹ سے کوئی مطلب نہیں وہ تو صرف میرے دوستو جب میں آواز دیتا ہوں تو وہ آجاتے ہیں لیکن جو لوگ سوسائٹی میں ہیں اُن کو دیکھنا چاہئے کہ وہ لوگ کتنا کام کررہے ہیں۔ کیونکہ یہ سوسائٹی نہ میری، نہ میرے باپ کی ہے، نہ میرے دادا کی ہے اور نہ آپ کی ہے۔ یہ سوسائٹی اللہ اور اُس ک رسول کی اور غوثِ پاک کی ہے۔ اِس لئے جو لوگ کسی وجہ سے اگر وہ کام نہیں کر سکتے تو اُن کو چاہئے کہ وہ معذرت کرلیں کہ بھائی میرے پاس ٹائم نہیں ہے وغیرہ۔ لیکن اگر اُن کا نام ہے تو صرف نام ہو اور کام نہ ہو تو یہ سوسائٹی کیلئے بہتر نہیں ہے۔ اب دیکھئے کہ ہمارے ایسی شخصیت ہیں کہ آپ لوگ دیکھیں کہ یہ سامنے بیٹھے ہوئے ہیں۔ سوسائٹی کا جہاں کہیں پروگرام ہوا سامنے آکے بیٹھ گئے یہ ہیں میرے دوستو رئیل ممبر۔ اور یہ ہمارے دور دراز علاقوں کے لوگ ہیں جو ہماری سوسائٹی کا کام کررہے ہیں۔ لیکن میرے دوستو اِن لوگوں کو منیجمنٹ سے کوئی تعلق نہیں یہ لوگ اپنا کام کرتے ہیں اور اللہ تبارک وتعالیٰ اِن کو کام کرنے کی توفیق دے۔ امین

لیکن اب چونکہ یہاں کہہ رہے ہیں کہ اعلان کرنا چاہیئے اِس لئے میں 9 ناموں کا میں اعلان کرر ہا ہوں۔اِس کا مطلب یہ نہیں کہ یہ 9 آدمی اہم ہیں یہ نہیں بلکہ میرے ہر آدمی اہم ہے اور سوسائٹی کا کام کرسکتا ہے لیکن اب ہر آدمی کو میں لے نہیں سکتا اِس لئے 9 نام ہیں، اور اِن 9 آدمیوں کو بھی سوچنا چاہیئے کہ وہ سوسائٹی کے لئے کیا کام کرر ہے ہیں؟

شریعت کا ایک مسئلہ ہے کہ اگر کوئی آدمی اپنا فرض ادا نہیں کرسکتا تو اسے کہہ دینا چاہیئے کہ بھائی میں یہ کام نہیں کرسکتا اِس لئے یہ سیٹ کسی اور کو دے دی جائے۔ لیکن یہ غلط ہے کہ کام بھی نہ کریں اور سوسائٹی کے ساتھ بھی رہیں یہ صحیح نہیں ہے، یہ شریعت کے اندر جائز نہیں ہے۔

بہر حال آپ جانتے ہیں کہ سب سے پہلے ہمارے بھائی الحاج ابراہیم ان کی ایک سوسائٹی اور ان کی یہ سوسائٹی دونوں ایک برابر ہیں۔ یہ ہمارے ساتھ ہیں اور اِن پر میرے دوستو کسی کا کوئی اثر نہیں۔ یہ اپنا کام کرتے ہیں اور کتنا کام کرتے ہیں یہ مجھے معلوم ہے۔اسی طرح سے بھائی محمد اسحاق ہیں کہ جتنا پرنٹنگ اور پبلشنگ کا کام ہے یہی ایک اللہ کا بندہ کام کرتا ہے۔ یہ وہ لوگ ہیں میرے دوستو جو حقیقت میں سوسائٹی کی پشت پناہی کرر ہے ہیں، اور سوسائٹی کی خدمت کرر ہے ہیں۔ ہر اتوار کو آفس میں آنا بھائی محمود کو آپ جانتے ہیں کہ اللہ نے انہیں عزت دی ہے اور انہیں اِس کی ضرورت نہیں کہ وہ کسی مذہبی سوسائٹی میں کام کریں اور اکاؤنٹنگ میں پورا مہینہ اُن کا اندراج میرے دوستو یہ وہ لوگ ہیں جو سوسائٹی کی خدمت کرر ہے ہیں۔اور ہمیں

چاہئے کہ ہم انہیں دیکھ کر ہم بھی سوسائٹی کی خدمت کریں۔ اسی طرح سے میرے دوستو اور بھی دوست ہیں جو سوسائٹی کا کام کرتے ہیں لیکن جتنا کرنا چاہئے میں صاف کہتا ہوں کہ وہ اتنا نہیں کرتے۔

ڈائریکٹ ہو یا اِن ڈائریکٹ ہو سوسائٹی کا کام کرنا چاہئے، بہر حال 9 ممبرز کا اعلان کیا گیا ہے جن میں حاجی ابراہیم اور حاجی خدا بخش آپ جانتے ہیں کہ یہ نعت خواں بھی ہیں اور ہماری سوسائٹی کے ممبر بھی ہیں اور اِس کے علاوہ بھائی محمد اسحاق یہ جنرل سیکرٹری ہیں، محمود شیرو یہ اکاؤنٹنٹ ہیں اور اِس کے بعد عبدالغفور یہ وہ لوگ ہیں اِن ڈائریکٹ سوسائٹی کی خدمت کررہے ہیں۔ کچھ لوگ میرے دوستو ڈائریکٹ خدمت کرتے ہیں، اسی طرح سے بھائی محمد شیرو یہ پرنٹنگ ورک اور جتنا پبلیکیشنز ورک ہے یہ کرتے ہیں اور اِس کے علاوہ بھائی محمد قاسم یہ یہاں آنیوالوں کی خدمت کرتے ہیں اِس کے علاوہ بھائی عبدالمجید، بھائی اسماعیل ہیں، بھائی محمد قادر صالح رضوی یہ 9 آدمی ہیں اِن کا نام لکھ لیا ہے ہم نے اورانا ؤنسمنٹ کیا ہے۔

اِن 9 آدمیوں کو سوچنا چاہئے کہ یہ کام کرسکتے ہیں یا نہیں کرسکتے۔ اگر نہیں کرسکتے تو پھر یہ سیکرٹری کو بتادیں اور اگر کرسکتے ہیں تو پھر اسی طرح کرنا چاہئے جس طرح سے اللہ نے انہیں توفیق دی ہے۔ اللہ اِن کو بھی آپ کو بھی سب کو توفیق عطا فرمائے اور یاد رکھئے کہ سوسائٹی کا کام نام کے لئے نہیں کرنا اگر نام کے لئے کرنا ہے تو آپ کو ثواب نہیں ملے گا۔ سوسائٹی کا کام صرف اللہ اور اُس کے رسول ﷺ کے دین کی خدمت کے لئے کرنا ہے۔ **وما علینا الا البلغ المبین**

جاؤ طیبہ میں مٹ کر آشکارا ہوگیا

جاؤ طیبہ میں مٹ کر آشکارا ہوگیا
خاکِ دل کا ذرہ ذرہ ماہ پارہ ہوگیا

چشم نم میں حسن آقا جلوہ آرا ہوگیا
اب مرا ہر اشک غم اک ماہ پارہ ہوگیا

روزِ محشر اللہ اللہ کتنا پیارا ہوگیا
اِس قیامت کے نثار اِن کا نظارہ ہوگیا

عاصیوں کو ڈھونڈتی پھرتی ہے رحمت کی نگاہ
بیکسوں کا آج محشر میں سہارا ہوگیا

بزم محشر بھی اُن کی دید کا سماں ہے
سوئے میزاں جب چلے اُن کا نظارہ ہوگیا

المدد ثم المدد اے فاتح بدر و حنین
آپ کا خوشترؔ جہاں میں بے سہارا ہوگیا